**15.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ رحمان

---------------------------------

**Music**

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام کے گولہ گھاٹ ضلع میں Dergaon میں Lachit Barphukan پولیس اکیڈمی کا افتتاح کیا ہے اور مکانات کے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا ہے۔

☆ بھارت کی خلائی تحقیق سے متعلق تنظیم نے LVM3 لانچ گاڑی مشن کیلئے تمل ناڈو میں Mahendragiri میں Cryogenic انجن کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔

☆ مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کی طرف سے کرائے جانے والے تمام مقابلہ جاتی امتحانات اب مراٹھی زبان میں بھی ہوں گے۔

☆ بلوچستان لبریشن آرمی نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے ٹرین اغوا کے واقعے میں یرغمال بنائے گئے تمام 214 پاکستانی فوجی یرغمالوں کو ہلاک کردیا ہے۔

☆ اور : آج شام ممبئی میں، خواتین کے کرکٹ پریمیئر لیگ کے فائنل میں ڈیلی کیپٹل کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**HM- AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام کے گولہ گھاٹ ضلع میں Dergaon میں Lachit Barphukan پولیس اکیڈمی کا افتتاح کیا اور مکانات کے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا ہے۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ آسام ، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بہت تیزی کے ساتھ ترقی کررہا ہے اور ریاست میں امن و امان قائم ہوگیا ہے۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما اور بندرگاہوں ، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال بھی موجود تھے۔ x

## ISRO-LVM3 FLIGHT ACCEPTANCE

بھارت کی خلائی تحقیق سے متعلق تنظیم ISRO نے Cryogenic انجن کا کامیابی کے ساتھ پرواز کے سلسلے میں Hot ٹسٹ کیا ہے۔ یہ ٹسٹ LVM3 لانچ گاڑی LVM-M6 مشن کیلئے کیا گیا ہے۔ یہ ٹسٹ تمل ناڈو میں Mahendragiri میں واقع ISRO کے Propulsion کمپلیکس میں کیا گیا۔ LVM3 لانچ وہیکل کو Mark-3 کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، جو تین مرحلے والی میڈیم لِفٹ لانچ گاڑی ہے، جسے خلائی تحقیق سے متعلق بھارت کی تنظیم نے تیار کیا ہے۔ ہر مشن سے پہلے اِسی طرح کا ٹسٹ کیا جاتا ہے۔x

## MAHA-MPSC

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ کرائے جانے والے سبھی مقابلہ جاتی امتحانات مراٹھی زبان میں منعقد ہوں گے۔ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس نے ریاستی قانون ساز کونسل میں شیوسینا UBT لیجسلیٹر Milind Narvekar کی جانب سے ایک سوال کے جواب میں یہ اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ MPSC امتحانات پہلے ہی مراٹھی اور انگریزی دونوں زبانوں میں منعقد کئے جارہے ہیں۔ البتہ کورٹ نے اس سے پہلے یہ حکم دیا تھا کہ مخصوص امتحانات، خاص کر زرعی انجینئرنگ سے متعلق امتحانات صرف انگریزی زبان میں ہی منعقد کئے جانے چاہئیں۔ یہ فیصلہ اِن مضامین کی نصاب کی کتابیں مراٹھی زبان میں دستیاب نہ ہونے پر مبنی تھا۔ اس معاملے پر تبادلہ خیال کے بعد مہاراشٹر حکومت نے اس بات کو اجاگر کیا کہ نصاب کی نئی کتابیں، نئی تعلیمی پالیسی کے مطابق مراٹھی زبان میں دستیاب ہوں گی۔ وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ اگر نصابی کتابیں دستیاب نہیں ہوتی ہیں، تو بالآخر امتحانات نئے مواد کی مدد سے مراٹھی زبان میں منعقد کئے جائیں گے۔x

## MAN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی 30 مارچ کو آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ لوگ ٹول فری نمبر: ایک آٹھ، صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ، صفر صفر کے ذریعہ پروگرام کیلئے اپنی رائے اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فارم کے ذریعہ آن لائن بھی اپنی رائے بھیج سکتے ہیں۔ آئندہ نشریئے کیلئے پروگرام کے سلسلے میں اس مہینے کی 28 تاریخ تک تجاویز قبول کی جائیں گی۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ اسے AIR نیوز، DD نیوز، PMO اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریئے کے فوراً بعد آکاشوانی اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

**ASHWANI VAISHNAV TAMIL NADU VISIT**

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو، آج سری پیرمبدور میں Zetwork الیکٹرانکس کے نئے کیمپس کا افتتاح کریں گے اور IIT مدراس کے کچھ ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیں گے۔ وزیر موصوف آج صبح چنئی پہنچے اور افتتاح سری پیرمبدور روانہ ہوئے۔ شام میں وزیر موصوف Adyar میں IIT مدراس کیمپس اور اختراع کے مرکز کا بھی دورہ کریں گے۔ جناب ویشنو ریڈیوزڈ انسٹرکشن سیٹ کمپیوٹر سینٹر بھی جائیں گے، جو ڈیجیٹل بھارت کے ویژن کے ساتھ ہم آہنگ ہے اور IIT میں بھارت کے سیمی کنڈکٹر مشن کا ایک کلیدی ستون ہے۔

**JOSHI-CONSUMER RIGHTS**

صارفین کے امور کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے کہ صارفین کو صحیح معلومات فراہم کی جائیں اور انہیں گمراہ کُن دعووں سے محفوظ رکھا جائے۔ وزیر موصوف نے یہ بات صارفین کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر ایک ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ایک ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب جوشی نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت نے صارفین کے شکایات کے ازالے کے طریقہ کار کو جدید بنایا ہے، تاکہ صارفین کو مزید با اختیار بنایا جاسکے۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ صارف تحفظ (ای-کامرس) قواعد 2020 نے ای-کامرس کے شعبے میں غیر منصفانہ تجارتی طریقوں سے صارفین کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد کی ہے۔ ای-کامرس سیکٹر کے موضوع پر بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن NCH بھارت میں صارفین کو بااختیار بنانے کیلئے ایک اہم مقام بن چکا ہے، جو شکایات کے ازالے کیلئے خدمات فراہم کرنے کے واحد پوائنٹ کے طور پر کام کررہا ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ حکومت سرگرمی سے کام کررہی ہے، تاکہ پائیدار مصنوعات کو مزید سستا اور قابل رسائی بنایا جاسکے۔x

**PAK-BLA HOSTAGES KILLED**

بلوچستان میں بلوچ لبریشن آرمی BLA نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے ، اُن تمام 214 یرغمالیوں کو پھانسی دے دی ہے، جنہیں جعفر ایکسپریس مسافر گاڑی کے واقعے کے دوران پکڑا گیا تھا۔ باغی تنظیم کے ترجمان Jeeyand Baloch نے کہا ہے کہ قیدیوں کے تبادلے کیلئے 48 گھنٹے کا جو اَلٹی میٹم دیا گیا تھا، پاکستان کی فوج ، اُس پر کوئی بھی ردعمل دینے میں ناکام رہی، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر پھانسی دی گئی۔ باغی تنظیم نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ وہ ہمیشہ بین الاقوامی قانون کی پابندی کرتے رہے ہیں لیکن پاکستانی فوج کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے انہیں یہ قدم اٹھانا پڑا۔

BLA نے یہ بھی کہا ہے کہ اُس کے جنگجوؤں نے ، جنہیں فدائین کے طور پر جانا جاتا ہے، اِس مقصد سے یہ لڑائی شروع کی تھی کہ وہ اِسے، اُس وقت تک جاری رکھیں گے ، جب تک کہ آخری گولی نہیں چلائی جاتی۔ x

**INDIA-ILO GENEVA**

بھارت نے پھر کہا ہے کہ اُس نے محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود ، معیاری روزگار اور سماجی انصاف کیلئے عالمی سطح پر پُرزور طریقے پر آواز اٹھانے کا تہیہ کررکھا ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت میں سکریٹری Sumita Dawra نے جنیوا میں بین الاقوامی محنت تنظیم کی 353 ویں گورننگ باڈی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے اِس سلسلے میں بھارت کی مختلف کامیابیوں ، سماجی انصاف ، معیاری روزگار اور محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کو فروغ دینے کیلئے کئے گئے بہت سے اقدامات کو اجاگر کیا۔ x

**J&K YELLOW ALERT**

جموں وکشمیر کے موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اگلے 24 گھنٹے کے دوران کہیں کہیں برفباری کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ آئندہ دنوں میں جموں وکشمیر میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔ حالانکہ اتوار سے موسم میں قدرِ بہتری آنے کا امکان ہے۔

جموں وکشمیر میں کہیں کہیں برفباری اور بجلی کے تعلق سے موسمیات کے محکمے نے Yellow Alret جاری کیا ہے۔ اپنی ایڈوائزری میں موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ مسافروں، سیاحوں اور ٹرانسپورٹرس کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ انتظامیہ اور ٹریفک ایڈوائزری پر عمل کریں، جبکہ کسانوں کو 16 مارچ تک اپنی سرگرمیوں کو معطل رکھنے مشورہ دیا گیا ہے۔x

**WPL-CRICKET FINAL**

خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ کے فائنل میں، آج شام ممبئی کے برابورن اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ، شام 8 بجے شروع ہوگا۔ ڈہلی کیپٹلز WPL کے فائنل میں تیسری مرتبہ اپنی قسمت آزمائے گا۔

سابق آسٹریلیائی بلے باز Meg Lanning کی کپتانی میں ڈیلی کیپٹلز 8 میچوں میں سے 5 میچ جیت کر سیدھے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ یہ دوسری مرتبہ ہے کہ ڈیلی اور ممبئی فائنل میں آمنے سامنے ہیں۔x

**CRICKET-IML**

کرکٹ میں ویسٹ انڈیز ماسٹرس نے کل رات رائے پور میں انٹرنیشنل ماسٹرس لیگ IML-2025 کے دوسرے سیمی فائنل میں سری لنکا پر 6 رن سے جیت درج کی۔ ویسٹ انڈیز ماسٹرس کا مقابلہ کل اسی مقام پر خطابی مقابلے میں سچن تیندولکر کی قیادت والی انڈیا ماسٹرس سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆